| | | |
|---|---|---|
| 2. | مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے صحیح جواب اپنی کاپی میں لکھیے :-<br>(i) میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟<br>**جواب: آگرہ**<br>(ii) سنسکرت کس زبان کی ایک شاخ ہے؟<br>**جواب: ہند آریائی**<br>(iii) 'شکست' کا متضاد کیا ہے؟<br>**جواب: فتح**<br>(iv) لفظ 'خط' کی جمع کیا ہے؟<br>**جواب: خطوط**<br>(v) لفظ 'تفریق' کے کیا معنی ہیں؟<br>**جواب: بھید بھاؤ**<br>(vi) 'بیدار کرنا' کے معنی کیا ہیں؟<br>**جواب: جگانا**<br>(vii) مرزا غالبؔ کب پیدا ہوئے؟<br>**جواب: 1797**<br>(viii) 'وحدت' کے معنی کیا ہیں؟<br>**جواب: ایک** | 1<br>1<br>1<br>1<br>1<br>1<br>1<br>1<br>**کل نمبر=8** |
| 3. | انٹرنیٹ کس طرح کام کرتا ہے؟<br>**جواب:** انٹرنیٹ کی خدمات حاصل کرنے کے لیے تین چیزوں کی ضرورت ہے۔ ایک موڈیم، دوسری ٹیلی فون یا موبائل کنکشن اور تیسری انٹرنیٹ مہیا کرانے والی تنظیم۔ | 2 |
| 4. | 'بریل ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا؟<br>**جواب:** اس کی ایجاد کرنے والے فرانس کے لوئی بریل تھے۔ | 2 |
| 5. | پہاڑ نے گلہری سے ڈوب مرنے کے لیے کیوں کہا؟<br>**جواب:** پہاڑ کے مقابلے میں گلہری بہت چھوٹی ہوتی ہے۔ پہاڑ اپنے عظیم اور بڑے ہونے پر ناز کرتا ہے اور گلہری سے کہتا ہے کہ تو میرے مقابلے میں کچھ بھی نہیں ہے۔ | 2 |
| 6. | التمش کی وصیت کیا تھی؟<br>جواب: التمش کی وصیت تھی کہ میرے مرنے کے بعد میری بیٹی رضیہ کو تخت پر بٹھایا جائے۔ | 2 |

Download from www.MsEducationTv.com

| | | |
|---|---|---|
| 2. | وزیر کی بے چینی کا سبب کیا تھا؟<br>جواب: وزیر کا غیر ملکی وفد سے ملنے کا وقت قریب آتا جا رہا تھا۔ | 7. |
| 2 | دھرتی کی کوکھ بانجھ ہونے سے کیا مطلب ہے؟<br>جواب: جہاں پر بم گرتے ہیں سینکڑوں سالوں تک وہاں پر کوئی فصل پیدا نہیں ہوتی۔ | 8. |
| 2 | کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟<br>جواب: کرنل سے کارتوس مانگنے والا شخص وزیر علی تھا۔ | 9. |
| 2<br><br>3<br><br>کل نمبر=5 | سوال.10 مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجیے۔<br>لیکن حکومت ہاتھ آتے ہی رکن الدین عیش و آرام میں پڑ گیا۔ اس کی ماں ایک حاسد عورت تھی۔ اس نے دوسری بیگمات اور ان کے بچوں کو طرح طرح سے پریشان کیا۔ وہ سوتیلی بیٹی رضیہ کی مقبولیت سے جلنے لگی۔ مگر جلد ہی رکن الدین اپنی عیش پسندی اور اپنی ماں کی زیادتیوں کی وجہ سے اس قدر بدنام ہو گیا کہ دلّی کے لوگوں نے اس کو گرفتار کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ دلّی کے عوام رضیہ کی خوبیوں اور التتمش کی وصیت سے واقف تھے۔ ان میں ایک بزرگ صوفی کاظم الدین زاہد نے رضیہ کی تخت نشینی کا اعلان کر دیا۔<br><br>**سیاق سباق:** مندرجہ بالا اقتباس دسویں جماعت کے نصاب میں شامل کتاب 'جان پہچان- حصہ ۵' میں شامل سبق ''رضیہ سُلطان'' سے اخذ کیا گیا ہے۔<br><br>**تشریح:** مندرجہ بالا اقتباس میں مصنف نے رضیہ سلطان کے بھائی کی تخت نشینی پر روشنی ڈالی ہے۔ جب رضیہ کا سوتیلا بھائی رکن الدین چند دنوں کے لیے دہلی کا سلطان بنا تو وہ عیش پرستی میں پڑ گیا۔ رکن الدین کی ماں ایک حاسد عورت تھی وہ رضیہ کے ساتھ ساتھ محل کی تمام عورتوں سے حسد رکھتی تھی۔ دہلی کے عوام رضیہ کی خوبیوں اور کردار سے اچھی طرح واقف تھے۔ دہلی کے لوگوں نے رکن الدین کی عیش پرستی اور اس کی ماں کی حسد و غبد سے تنگ آن کر رکن الدین کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور رضیہ کو دہلی کے سلطان کے تخت پر بٹھانے کا اعلان کر دیا۔<br>اس پیرا میں رضیہ سلطان کے اخلاق اور خوبیوں پر روشنی ڈالی گئی ہے اور اس کے سوتیلے بھائی اور سوتیلی ماں کے عیوب کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔ | 10. |

Download from www.MsEducationTv.com

| | | |
|---|---|---|
| 11. | مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعری حصّے کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔<br><br>(الف)<br><br>جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے<br>جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی<br>آگ اور خون آج بخشے گی<br>بھوک اور احتیاج کل دے گے<br><br>**سیاق وسباق:** مندرجہ بالا بند دسویں جماعت کی کتاب ''جان پہچان'' میں شامل نظم ''اے شریف انسانو!' سے اخذ کیا گیا ہے۔اس نظم کے شاعر ساحرلدھیانوی ہیں۔<br><br>**تشریح:** اس بند میں شاعر جنگ کے برخلاف امن چاہتا ہے۔شاعر کہتا ہے کہ جنگ یعنی لڑائی تو خود ہی ایک مسئلہ ہے اور لڑائی سے معاملات حل نہیں ہو سکتے۔جنگ کرنے سے آج خون خرابہ ہوگا جس کی وجہ سے بے روزگاری عام ہو جائے گی اور لوگوں کے گھر تباہ اور برباد ہو جائیں گے۔جنگ کرنے والے تمام لوگ بھکمری کے شکار ہو جائیں گے۔<br>نظم کے اس بند میں شاعر لوگوں سے لڑائی جھگڑا نہ کرنے کی درخواست کرتے ہوئے امن پسندی کی طرف لوگوں کو راغب کرنا چاہتا ہے۔<br><br>یا/Or<br>(ب)<br><br>بڑا جہان میں تجھ کو بنا دیا اُس نے<br>مجھے درخت پہ چڑھنا سکھا دیا اُس نے<br>قدم اٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں<br>نِری بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا تجھ میں<br><br>**سیاق وسباق:** مندرجہ بالا بند دسویں جماعت کی کتاب ''جان پہچان'' میں شامل نظم ''پہاڑ اور گلہری'' سے اخذ کیا گیا ہے۔اس نظم کے ڈاکٹر علامہ اقبال ہیں۔<br><br>**تشریح:**۔علامہ اقبال کی 'پہاڑ اور گلہری' ایک مکالماتی نظم ہے۔اس بند میں گلہری پہاڑ کی بات سن کر کہتی ہے کہ اے پہاڑ! اللہ تعالی نے تجھے بڑا تو بنا دیا لیکن تیرے اندر کوئی خوبی نہیں ہے۔مجھے درخت پر چڑھنا سکھا دیا ہے اور تم ایک قدم بھی نہیں اٹھا سکتے۔صرف بڑے ہونے کے علاوہ اور کوئی خوبی تیرا اندر موجود نہیں ہے۔<br>علامہ اقبال کی یہ ایک مکالماتی نظم ہے جس میں پہاڑ اور گلہری کے درمیان ہونے والی گفتگو کو نظم کی شکل میں پیش کیا ہے۔ | 2<br><br>3<br><br>کل نمبر=5<br><br>2.<br><br>3.<br><br>کل نمبر=5 |

Download from www.MsEducationTv.com

